File: 07 1445 Rajab Web-Email Urdu Print | Type: UID
SN : 227 | Date: 25-January-2024 | SQ

Darul Ifta, Darul Uloom Deoband

مراسلہ شعبۂ انٹرنیٹ و آن لائن فتویٰ برائے

دارالافتاء دارالعلوم دیوبند الہند

فتویٰ ID: 627023		مرسل:
دستخط:	تاریخ روانگی: 13/07/1445 مراسلہ ای میل:	تاریخ مستفتی: 23/01/2024
کاروائی شعبہ انٹرنیٹ: ترسیل جواب: ٹیکسٹ/اپلوڈنگ/PDF تاریخ و دستخط:	کاروائی دارالافتاء: تاریخ وصولیابی: دستخط: اندراج کنندہ: اسکین کنندہ:	کاروائی: دارالافتاء و شعبہ انٹرنیٹ! حسب ضابطہ کاروائی کریں دفتر اہتمام: دستخط: تاریخ:

استفتاء نمبر: ٩/٨٤١٣ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عنوان: چشتی رسول اللہ کا حکم اور حضرت تھانوی کی کتاب پر اعتراض

سوال: مفتی صاحب حکیم الامت (رح) کی کتاب السنۃ الجلیۃ فی الچشتیۃ العلیۃ میں صفحہ 124 پر شیخ معین الدین (رح) کا مرید سے "چشتی رسول اللہ" کہلوانے کا واقعہ لکھا ہے۔ سوال یہ ہے کیا اس طرح کہلوانے سے وہ کافر ہو گئے جب کہ خود ان کے الفاظ میں تاویل کی تصریح موجود ہے کہ "میں نے فقط تیرا امتحان لیا تھا کہ تجھ کو مجھ سے کس قدر عقیدت ہے ورنہ میرا مقصود یہ نہ تھا کہ تجھ سے اس طرح کلمہ پڑھواوں میں کون اور کیا چیز ہوں ایک ادنی بندگان وغلامان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہوں حکم وہی ہے جو تو اول سے کہتا ہے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔" یعنی چشتی صاحب خود تاویل کی تصریح کر رہے ہیں کہ میں اپنے آپ کو رسول سمجھ کر یا رسالت کا دعوہ کر کے تم سے نہیں کہلوا رہا کہ تم مجھے رسول مانو بلکہ میں نے صرف تمہارے عقیدت کے امتحان کیلئے تم سے ایسا کہلوایا۔ میں تو رسول کا ادنی غلام ہوں رسول نہیں میں کہاں اور رسول کہاں کلمہ وہی ہے تو پہلے سے پڑھتا ہے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ تو خود جب انھوں نے تاویل پیش کر دی اور واضح کر دیا کہ میں رسالت کا دعوہ نہیں کیا تو کیا تب بھی وہ کافر ہوں گے؟

جواب نمبر: ١٢٥٣ ر ٩ /١٤٤٥ھ تاریخ کتاب/باب: باب العقائد

عنوان: شیخ معین الدین صاحب رحمہ اللہ کا مرید سے چشتی رسول اللہ کہلوانا

بسم اللہ الرحمن الرحیم وباللہ العصمۃ والتوفیق

الجواب

حامداً ومصلیاً ومسلماً شیخ المشائخ حضرت شیخ معین الدین چشتی رحمہ اللہ تعالی رحمۃ واسعۃ پر کفر کا حکم لگانا درست نہیں حکیم الامت حضرت تھانوی نور اللہ مرقدہ نے جو تفصیل تحریر فرمائی ہے اس کو مکمل بغور مطالعہ کریں پھر بھی کوئی اگر اشکال رہے تو لکھیں فقط واللہ سبحانہ تعالی اعلم

محمود حسن بلند شہری غفرلہ

دارالعلوم دیوبند
٢٣-٧-١٤٤٥ھ
الموافق
٥-٢-٢٠٢٤ء
یوم السبت

الجواب صحیح

الجواب صحیح